

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: مصوتہ 'ے' سے ارکان و الفاظ پڑھنا اور لکھنا | |

**مقاصد:** مصوتہ 'ے' سے ارکان و الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مار کر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 16, تصویروں کے تراشے، چارٹ پیپر کا خرگوش اور گاجریں

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت میں تین گروہ بنا لیں۔
- تینوں گروہوں کو ایک ایک تصویر کے تراشے دے دیں۔
- تینوں گروہوں کو کہیں کہ وہ ان تراشوں کو جوڑ کر ایک مکمل تصویر بنا دیں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو وقت دیں۔
- جب بچے یہ کام مکمل کر لیں تو بچوں کو کہیں کہ وہ ان تصاویر کے نام بورڈ پر لکھیں۔
- اس کے بعد بچوں کو بورڈ پر لکھے ناموں کے بارے میں بتائیں کہ ان تمام ناموں میں مصوتہ "ے" استعمال کیا گیا ہے۔
- آج ہم مصوتہ "ے" کے استعمال سے بننے والے ارکان اور الفاظ پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)






- اب بچوں سے پوچھیں کہ مصوتے کون کون سے ہیں اور ان کی آوازیں کیا ہیں؟
- ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم مصوتہ "ے" کی دوستی مختلف حروف سے کرواتے ہوئے کچھ ارکان بنائیں گے۔
- اب تختہ تحریر پر حرف "د" لکھیں اور بچوں سے اس کی آواز کی ادائی کروائیں۔ پھر اس کے سامنے مصوتہ "ے" لکھ کر بچوں سے کہیں کہ اگر ہم "د" کی دوستی مصوتہ "ے" سے کروائیں تو کیا رکن بنتا ہے؟ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- تختہ تحریر پر رکن "دے" لکھ کر بچوں سے اس کی آواز کی ادائی کروائیں اور پڑھائیں: "د" بنا دوست "ے" کا تو رکن بن گیا "دے"۔ بچوں سے کہیں کہ رکن "دے" کے ساتھ کوئی حروف یا رکن لگا کر کوئی لفظ بنائیں۔
- ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں اور مختلف الفاظ بنوائیں۔

جیسے: کھودے، پودے۔

اسی طرح یہ سرگرمی کتاب کے صفحہ نمبر 16 کے تمام الفاظ پر کروائیں۔

| |
|---|
| • اب بچوں کے ساتھ بنگو گیم کھیلیں۔<br>• چارٹ پیپر کی مدد سے ایک خرگوش کی شکل کا ڈبا بنائیں اور اس پر لکھ دیں؟ آئیں پڑھیں۔<br>• چارٹ پیپر کی پندرہ گاجریں بنائیں۔ ان میں سے آٹھ پر مصوتہ "ے" اور چند حروف کے ملاپ پر مبنی ارکان لکھ دیں۔<br>• اور باقی سات پر لفظ بنگو لکھ کر انھیں خرگوش نما ڈبے میں ڈال دیں۔<br>• کسی ایک ٹیم کے بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ ڈبے میں سے کوئی گاجر نکالے۔<br>• وہ بچہ گاجر نکال کر اس پر لکھا ہوا رکن پڑھے گا اور دوسری ٹیم اس میں موجود حروف کی تعداد اور ان کی آوازیں بتائے گی۔<br>• دونوں ٹیموں کو درست جواب دینے پر دو دو نمبر مل جائیں گے۔<br>• پہلی ٹیم کا بچہ پھر نئی گاجر نکالے گا، اگر اس دوران میں لفظ بنگو نکل آئے تو باری دوسری ٹیم کو مل جائے گی۔<br>• آخر میں جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گی۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروا دیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر مصوتہ "ے" پر مشتمل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) گھر سے مصوتہ "ے" سے بننے والے ارکان اور الفاظ پڑھنے کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی


| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام:الفاظ کی ابتدائی آواز تبدیل کر کے نئے الفاظ بنانا | |

**مقاصد:** الفاظ کی ابتدائی آواز تبدیل کر کے نئے الفاظ بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 16، پلاسٹک کے انڈے، چارٹ پیپر کا ہاتھی، کاغذ کے سیب

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ پہلے کسی ایک گروہ کے کوئی سے دو بچوں کو بلائیں۔
- ان میں سے ایک بچے کے کان میں کوئی رکن بولیں۔ وہ بچہ اپنے ساتھ کھڑے بچے کی پشت پر انگلی سے وہ رکن لکھے گا۔
- دوسرا بچہ اس کی انگلی کی حرکت کو محسوس کرتے ہوئے بتائے گا کہ اس نے کیا لکھا تھا۔
- درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط پر کس دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیا جائے گا۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔





**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- اب بورڈ پر ایک ہاتھی کی تصویر چسپاں کر دیں اور اس کے پاس میز پر ایک ٹوکری میں پلاسٹک کے انڈے جن میں حروفِ تہجی کی پرچیاں موجود ہوں رکھ دیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو حروفِ تہجی پر مشتمل انڈے ایک جیسی تعداد میں دے دیں۔
- بورڈ پر صفحہ نمبر 16 پر موجود لکھیں کے تحت دی گئی سرگرمی میں موجود الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو پڑھائی کروائیں۔
- پھر ان الفاظ کو کاغذ کے سیبوں پر لکھ کر چاروں گروہوں میں دو دو سیب تقسیم کر دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہاتھی کے کھانے کا وقت ہو گیا ہے۔
- ہر گروہ الفاظ پر مشتمل سیب نکال کر پڑھیں۔
- اور اپنے حروفِ تہجی پر مشتمل ایک ایک انڈا کھولتے جائیں اور سیبوں پر لکھے الفاظ کے پہلے حرف کو انڈے سے نکلے حرف سے تبدیل کر کے نیا لفظ بنائیں اور بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- ساتھ ساتھ نئے الفاظ کا نام بتا کر سیب ہاتھی کو کھلاتے جائیں۔
- جو گروپ یہ سرگرمی بہتر طور پر کرے جو گروپ یہ سرگرمی بہتر طور پر کرے گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا اور اسے بہترین طلبہ کے اعزازی کارڈ دیے جائیں گے۔
- اس کے بعد کتاب کا صفحہ نمبر 16 کھلوائیں اور بچوں کو جوڑیوں کی صورت میں بٹھا کر ان کو ہدایت دیں کہ وہ ان الفاظ کے پہلے پہلے حروف کی آواز بدلیں اور ایک نیا لفظ بنا کر اپنی اپنی کتابوں پر لکھیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی مکمل کروائیں۔

| |
|---|
| • کام مکمل ہونے پر چیک کریں۔<br>• درست کام کرنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو مختصر اً سبق کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)بورڈ پر چند الفاظ ایسے لکھیں جن کی پہلی آواز بدل کر نئے الفاظ بنائے جا سکیں۔ جماعت کے متفرق بچوں کو بلا کر ان سے نئے نئے الفاظ بنوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)گھر سے الفاظ کی پہلی آواز بدل کر نئے الفاظ بنانے کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: ہم آواز الفاظ پڑھنا | |

**مقاصد:** ہم آواز الفاظ پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 17، ڈبا، پرچیاں، گیند

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو ایک دائرے کی شکل میں کھڑا کریں اور خود درمیان میں کھڑی ہو جائیں۔
- اب ایک گیند لیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ایک سے دوسرے کو آگے بڑھاتے جائیں اور دس تک گنتی گننی شروع کریں۔
- جس بچے پر دس آئے گا اس بچے کو کوئی ایک لفظ دیں کہ وہ اس جیسی آواز والا لفظ بتائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی متفرق بچوں سے یہ سرگرمی کروائیں کہ بچوں میں پڑھائی کے لیے جوش بڑھ جائے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)




- اس سرگرمی کے لیے ایک چوکور ڈبا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگا کاغذ چڑھالیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 17 پر لکھے کوئی سے آٹھ الفاظ کی پرچیاں تیار کر کے اس کی جیبوں میں رکھ دیں اس بات کا دھیان رکھیں کہ ڈبے کی ایک جیب میں دو دو الفاظ کی پرچیاں رکھی ہوں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بُلائیں اور انھیں ڈبا ایسے گھما کر زمین پر لُڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا لڈو کھیلنے کے لیے پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس کی جیب سے صرف ایک پرچی نکالے اور بچے سے اُس میں لکھے الفاظ کا ہم آواز الفاظ بتائے۔
- جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو اس کا موقع دیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔
- جو گروہ زیادہ الفاظ کے درست ہم آواز الفاظ بتائے گا وہ فاتح قرار دیا جائے گا۔
- اس کے بعد بعد جماعت کے بچوں کو تین حصوں میں تقسیم کریں اور ہر حصے میں صفحہ نمبر 17 پر لکھے الفاظ ایسے تقسیم کریں کہ ہر حصے میں الفاظ ایک جیسی تعداد میں آئیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان الفاظ کو بار بار دہرائیں اور آپس میں مشورہ کے بعد ہر لفظ سے مزید دو دو نئے الفاظ بنائیں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو مقررہ وقت دیں کام مکمل ہونے کے بعد چیک کریں۔

| |
|---|
| • درست ہم آواز الفاظ سنانے پر بچوں کا شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو مختصر اً سبق کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر ان سے بورڈ پر لکھے الفاظ کے ہم آواز الفاظ سنیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)گھر سے ہم آواز الفاظ بنانے کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: ہم آواز الفاظ لکھنا | |

**مقاصد:** ہم آواز الفاظ لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈمارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 17، جار، پرچیاں، اسٹکی نوٹس

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنادیں۔
- اب چار مختلف ٹوکریوں میں الفاظ "باجی، بول، چاٹ، رات،" پر مشتمل پرچیاں رکھ دیں۔
- ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر اس سے کسی بھی ٹوکری میں سے کوئی بھی پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔
- ایک گروہ کے حصے میں صرف ایک لفظ آئے۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو لفظ آیا ہے، اسے پڑھیں اور اس کی مدد کوئی سے تین تین ہم آواز الفاظ بنا کر سنائیں۔
- اس کے لیے انھیں ایک منٹ دیں۔ مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ہم آواز الفاظ سنیں۔



## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- اب بچوں کے ساتھ بنگو گیم کھیلیں۔ پانچ مختلف رنگ کی پرچیوں پر الفاظ "گانے، چھوٹی، کھائی، گاڑھی، بولو" لکھ کر تیار کر لیں اور انھیں ایک جار میں رکھ دیں۔
- اس کے علاوہ کچھ پرچیوں پر لفظ بنگو لکھ کر وہ بھی جار میں ڈال دیں۔
- جماعت کے بچوں کو دو حصوں میں تقسیم کریں۔
- انھیں ٹیم الف اور ٹیم ب کا نام دیں۔ اپنی مرضی اور پسند کے مطابق ٹیموں کے نام تبدیل بھی کیے جا سکتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر دو کالم بنائیں اور ان پر ٹیم الف اور ٹیم ب لکھ دیں۔
- اب ہر ٹیم سے ایک ایک بچہ آئے اور باری باری جار میں سے الفاظ نکال کر پڑھے۔
- پڑھنے سے پہلے اسے ہدایات دیں کہ درست تلفظ کا خصوصی خیال رکھا رکھے۔
- وہ بچہ لفظ پڑھے گا اور دوسری ٹیم اس لفظ کے حروف بتائے گی۔
- غلط پڑھنے اور غلط حروف بتانے کی صورت میں متعلقہ ٹیم کا ایک نمبر کاٹا جائے گا۔
- لفظ بنگو کی پرچی آتے ہی باری دوسری ٹیم کو دی جائے گی۔
- سرگرمی کے اختتام پر جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گی۔
- اس کے بعد بورڈ پر صفحہ 17 پر لکھیں سرگرمی کے تحت دیے ہوئے الفاظ لکھیں اور بچوں کو ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔

| |
|---|
| • اس کے ساتھ ہی جماعت کے بچوں کو ایک ایک اسٹکی نوٹ دے دیں۔<br>• جماعت کے بچوں کو ہدایت دیں کہ بورڈ پر لکھے الفاظ کے دو دو ہم آواز الفاظ ان اسٹکی نوٹس پر لکھیں۔<br>• کام مکمل کرنے میں بچوں کی مکمل مدد کریں۔<br>• کام مکمل ہونے پر کام چیک کریں اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:**(5۵منٹ) بورڈ پر موجود الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان الفاظ کے ہم آواز لکھنے کو کہیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)گھر سے ہم آواز لکھنے کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: اول | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: دہرائی | |

**مقاصد:** حروف تہجی کی چھوٹی بڑی اشکال کی دہرائی

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 1 تا9، حروف تہجی کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)


- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بورڈ پر مکمل حروف تہجی لکھیں۔
- جماعت کے بچوں سے باری باری حروف تہجی سنیں۔
- بچوں کو حروف تہجی کی پرچیوں پر مشتمل پرپرچیاں یا چارٹ پیپر کے کارڈ دکھا کر بچوں سے ان حروف کے بارے میں سوال کریں جن کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔
- بچوں سے ان کے جواب لیں اور انھیں شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)




- بچوں سے "حروف تہجی" کی مکمل اور آدھی اشکال لکھوانے کے لیے بچوں کے ساتھ "ویل گھماؤ حرف بتاؤ" کھیل کھیلیں۔
- اس کے لیے جماعت میں آنے سے قبل ویل پر حروف لکھ کر تیار کر لیں۔
- بچوں کو کھیل کے بارے میں ہدایت دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ باری باری ویل کے پاس آئیں اور ویل کو گھمائیں۔
- ویل جس حرف پر رکے گا بچے کو اُس حرف کی مکمل اور آدھی شکل بورڈ پر لکھنی ہو گی۔
- کوشش کریں کہ تمام بچے اس کھیل میں حصہ لے سکیں۔
- درست حروف لکھنے کے بعد اُن کی ادائی اور اس سے بننے والی چیز کا نام بھی بتائیں۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں اور انھیں star of the day کا نام دیں۔
- جماعت کے بچوں کی جوڑیاں بنا دیں۔
- ہر جوڑی کو چار چار الفاظ پر مشتمل ایک ایک شیٹ دیں۔
- اس شیٹ کی پچھلی طرف دو کالم بنے ہوں۔
- ایک کالم پر مکمل شکل اور دوسرے کالم پر چھوٹی شکل لکھی ہو۔
- بچوں کو سرگرمی شروع ہونے سے پہلے واضح کر دیں کہ انھوں نے اپنے پاس موجود الفاظ کو غور سے پڑھ کر ان میں سے ہر لفظ میں موجود چھوٹی اور مکمل شکل کو الگ الگ لکھنا ہے۔

- جیسے لفظ شور کے کے لیے چھوٹی شکل والے کالم میں حرف **ش** کی چھوٹی شکل لکھیں اور مکمل شکل میں حرف "و" اور "ر" لکھیں۔




- اس مقصد کے لیے استاد بورڈ پر چند الفاظ لکھ کر اس تصوّر کی مشق کروا سکتے ہیں۔
- بچوں کو حروف کی مکمل اور چھوٹی اشکال کی دہرائی کے لیے ورک شیٹ دیں۔
- کام کرنے کے دوران میں بچوں کا جائزہ لیتے رہیں اور جہاں مدد یا راہ نمائی کی ضرورت ہو فراہم کریں۔


**اعادہ:**(3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر مکمل اشکال والے حروف تہجی لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر ان کی چھوٹی اشکال لکھنے کے لیے کہیں۔

**گھر کا کام:**(2 منٹ) گھر سے حروفِ تہجی کی مکمل اور چھوٹی اشکال لکھنے کی مشق کر کے آنی ہے۔

# ورک شیٹ

سیبوں میں لکھے ہوئے مکمل حروف کی چھوٹی اشکال نیچے دی گئی جگہوں پر لکھیں۔




# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:دوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام:مصوتوں کی دہرائی | |

**مقاصد:** مصوتوں کا تعارف اور ارکان والفاظ سازی

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 10 تا 17 ورک شیٹ ا، ۲ سیب کی شکل کی چھوٹی چھوٹی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)








- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- مصوتوں کو چارٹ پیپر پر لکھ کر بورڈ پر چسپاں کر دیں۔
- بچوں سے مصوتوں کے بارے میں پوچھیں۔
- اب تختہ تحریر پر ایک چارٹ پیپر کا بنا ہوا خرگوش چسپاں کر دیں جس کے پاس ایک ٹوکری میں مصوتوں پر مشتمل گاجریں اور چند حروف تہجی کی مدد سے بننے والے ارکان اور الفاظ پر مشتمل گاجریں رکھ دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ خرگوش کو بہت بھوک لگی ہے۔
- آپ میں سے مختلف بچے باری باری یہاں آئیں گے اور خرگوش کو رکن یا الفاظ پر مشتمل گاجریں کھلائیں۔
- اس کے لیے آپ انھیں رکن یا لفظ بتائیں گے اور وہ ٹوکری میں سے اس پر مشتمل گاجر ڈھونڈ کر خرگوش کو کھلائیں گے اور اس کی آواز کی ادائی بھی کریں گے۔
- جو بچے یہ کام سب سے پہلے اور درست طریقے سے کریں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)



- تختہ تحریر پر چارٹ پیپر سے بنا ہوا ایک درخت چسپاں کر دیں جس پر تین اور چار حرفی الفاظ کے سیب کی شکل کی چھوٹی پرچیاں لگی ہوئی ہوں۔ اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- پھر جماعت میں سے مختلف بچوں کو باری باری بلائیں اور انھیں کہیں کہ وہ اپنی پسند کے مختلف الفاظ کو چُن لیں۔
- ان کی آواز کی ادائی کریں اور ان میں موجود حروف کی تعداد کے بارے میں بتائیں۔
- بچوں سے ان الفاظ کے حروف کو الگ الگ کروائیں۔
- ہر لفظ کے نیچے ایک لائن لگا دیں۔ بچوں سے باری باری ہاتھ بلند کروا کے الفاظ میں موجود حروف کی نشاندہی کرواتے ہوئے انھی الفاظ کے نیچے استاد خود حروف لکھتے جائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- آج بچوں کو الفاظ سے نئے الفاظ بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔
- جماعت کے بچوں میں مختلف ارکان اور حروف پر مبنی چارٹ پیپر کے کارڈ تقسیم کر دیں۔
- استاد ایک بچے کو اپنے پاس بلا کر اس کے پاس موجود کارڈ پر لکھا ہوا رکن جماعت کے ساتھیوں کو بتانے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| • رکن کا سنتے ہی بچے جلدی سے ہاتھ بلند کریں اور اس کے پہلے حرف کی جگہ کوئی اور رکن لگا کر نیا لفظ بنائیں۔<br>• کام کرنے کے دوران میں تمام بچوں کا جائزہ لیتے رہیں اور جہاں مدد یا راہ نمائی کی ضرورت ہو فراہم کریں۔<br>• بچوں سے الفاظ کی خواندگی بھی کروائیں۔ دورانِ خواندگی بچوں کے تلفظ اور ادائی کی درستی کا بھی خیال رکھیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر کہیں کہ وہ ان الفاظ کا پہلا حرف تبدیل کرکے نیا حرف لگا کر نیا لفظ بنائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) گھر سے الفاظ کا پہلا حرف تبدیل کرکے نیا حرف لگا کر نیا لفظ بنانے کی مشق کر کے آنی ہے۔ |